مشایخ نقشبندیہ کے تذکرے بھی ہوتے ہیں۔ اور بعض مسائل تصوف پر مستقل مضامین بھی لکھے جاتے ہیں۔ مگر رسالہ کی ترتیب مضامین کے انتخاب اور انداز تحریر میں قدامت بہت ہے۔ زمانہ کی ضروریات اور حالات کے تغیر کا لحاظ کئے بغیر جو کام کیا جائیگا، کامیاب نہ ہوگا۔ ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ انگریزی میں تھیاسوفی اور اسپریچول ازم وغیرہ پر جو رسالے شائع ہوتے ہیں ان کی نقل کی جائے بلکہ مقصد صرف یہ ہے کہ اسی پرانی شراب کو نئے گلاسوں میں پیش کیا جائے تاکہ ان گلاسوں کی لاگ سے طبائع اس شراب کو بطیب خاطر قبول کرلیں۔

ہمدرد صحت | ایڈیٹر حکیم حاجی عبد الحمید صاحب۔ حجم چالیس صفحات۔ قیمت ۴ ۔

ملنے کا پتہ۔ ہمدرد منزل۔ بازار لال کنواں دہلی۔

یہ ایک ماہوار طبی رسالہ ہے جو ہمدرد دواخانہ، دہلی کے زیر اہتمام چند سال سے نکلنا شروع ہوا ہے۔ محنت سے مرتب کیا جاتا ہے۔ اتبک جتنے پرچے شائع ہوئے ہیں مفید مضامین پر مشتمل ہیں عوام کو حفظان صحت کے متعلق ضروری معلومات بہم پہنچانے کے لئے یہ ایک اچھا ذریعہ ہے۔

الاسلام | اڈیٹر جناب سید نذیر الحق صاحب قادری۔ حجم ۴۸ صفحات۔ قیمت سالانہ دو روپے دفتر الاسلام چک ۳۱، جھنگ برانچ، ضلع لائل پور۔

مذہبی اور تبلیغی رسالہ ہے ماہ اکتوبر ۳۳ء سے جاری ہوا ہے مضامین دلچسپ اور مفید ہیں جن مقاصد کا اظہار کیا گیا ہے اگر ان میں کامیابی ہوگئی تو رسالہ بہت اچھا ہو جائے گا۔

الدین | اڈیٹر جناب علی مہدی صاحب ایم اے۔ حجم ۳۲ صفحات قیمت سالانہ عہ ۔

پتہ:۔ مدرسہ ایمانیہ ناصریہ، جونپور۔ یہ حضرات شیعہ کا رسالہ ہے۔ محنت سے مرتب کیا جاتا ہے۔

مضامین کے سوا دو مستقل مذہبی کتابوں (الشافی فی شرح اصول الکافی اور ذخیرۃ العقبیٰ) کا ترجمہ بھی باقساط شریک اشاعت ہوتا ہے